© rasailojaraid.com



# ثنائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

میرے آقا ـــــــ خلق سراپا

نام محمد ـــــــ کتنا پیارا

وردِ کرو سب ـــــــ صلِ علیٰ کا

روشن روشن ـــــــ آپ کا چہرہ

ایسے جیسے ـــــــ نور کا ہالہ

آپ کی ہستی ـــــــ سب سے اعلیٰ

آپ کا رتبہ ـــــــ سب سے بالا

خلقِ خدا کا ـــــــ ملجا و ماویٰ

نورِ وفا کا ـــــــ پھول حیا کا

نیرِ تاباں ـــــــ صدق و صفا کا

ماہِ منور ـــــــ لطف و عطا کا

پیکرِ اقدس ـــــــ صبر و رضا کا

دین کا حاصل ـــــــ آپ کا اسوہ

رحمتِ عالم ـــــــ شافعِ عقبےٰ

ان کی شفاعت ـــــــ دل کا دلاسا

آپ نے آکر ـــــــ کفر مٹایا

رنگ و نسب کے ـــــــ بت کو توڑا

خلقِ خدا کے ـــــــ دل کو جوڑا

راز ہے ان کا ـــــــ والہ و شیدا

شعر بہانہ ـــــــ ان کی ثنا کا

© rasailojaraid.com